HELLENIC REPUBLIC
Ministry of Migration & Asylum

UNHCR
The UN Refugee Agency

# بین الاقوامی تحفظ سے مستفید ہونے والوں کے لئے معلوماتی کتابچہ



آخری بار دسمبر 2023 کو اپ ڈیٹ ہوا۔

# فہرست مندرجات


باب 1۔
اس کتابچہ کے بارے میں ...................................................... 5

باب 2۔
یونان کے متعلق معلومات ...................................................... 8
جغرافیائی محل وقوع ...................................................... 10
سیاسی نظام ...................................................... 10
زبان ...................................................... 11
مذہب ...................................................... 11
سرکاری کرنسی ...................................................... 12
سرکاری اور عوامی تعطیلات ...................................................... 12
عوامی ذرائع نقل و حمل/سفر ...................................................... 13
دکانوں کے اوقات کار ...................................................... 13

باب 3. بین الاقوامی تحفظ کی حیثیت
عطا کیے جانے کے بعد فوری اقدامات ...................................... 14
رہائش کا اجازت نامہ ...................................................... 16
سفری دستاویزات ...................................................... 16
بنیادی حقوق ...................................................... 17
یونانی سوشل سکیورٹی نمبر (AMKA) کیسے حاصل کیا جائے ..... 18
یونان میں ٹیکس کا شناختی نمبر (ΑΦΜ) کیسے حاصل کیا جائے۔... 18
ٹیکس ریٹرن ...................................................... 19
بینک اکاؤنٹ کیسے کھولا جائے ...................................................... 20

باب 4
کام اور ملازمت ........................................ 21
کام اور ملازمت ........................................ 21
کام کے تقاضے ........................................ 23
بیمہ یافتہ افراد کے رجسٹر میں رجسٹریشن ........................ 23
ملازمت کیسے تلاش کی جائے ........................ 24
CV اور کور لیٹر ........................................ 24
انٹرویو ........................................ 25
پبلک ایمپلائمنٹ سروس (Δ.ΥΠ.Α.)،
سابقہ لیبر ایمپلائمنٹ آفس ((Δ.E.A.O.)) ........................ 25
انٹرنیٹ ........................................ 25
مزدوروں کے حقوق و فرائض ........................................ 26
بےروزگاری اور کم آمدن کے وظائف ........................ 26

باب 5
رہائش ........................................ 28
بین الاقوامی تحفظ سے مستفید ہونے والوں
کے لئے رہائشی پروگرامز/انتظامات ........................ 30
کرائے کی رہائش کی معلومات ........................ 31

باب 6-
تعلیم ........................................ 33
یونان کا نظام تعلیم ........................................ 35
I. ابتدائی بچپن کی تعلیم اور نرسری ........................ 36
II. پرائمری (پرائمری اسکول) اور لوئر
سیکنڈری (جونیئر ہائی اسکول) کی تعلیم ........................ 36
III. غیر لازمی سیکنڈری تعلیم ........................ 37
IV. مہاجر آبادی کے لئے خصوصی تعلیم کے مواقع ........................ 38
V. بالغوں کی تعلیم ........................................ 38
VI. اعلیٰ درجے کی تعلیم تک رسائی ........................ 39

باب 7:

نگہداشت صحت ........................................................ 40
عمومی معلومات ........................................................ 42
بلدیاتی کلینک ........................................................ 42
NGOs کے زیر انتظام طبی مراکز ........................................ 43
فارماسیوٹیکل نگہداشت ................................................ 43
ذہنی صحت کی خدمات ................................................ 43
التطعیم ہمہ گیر ویکسینیشن ............................................ 44

باب 8-

مفید معلومات اور دستیاب خدمات ....................................... 45
مہاجرین کے انضمام کے مراکز (K.E.M.) .............................. 47
مہاجرین اور پناہ گزینوں کے انضمام کی کونسلیں (Σ.Ε.Μ.Π.) ...... 47
تیسرے ملک کے شہریوں کی مشترکہ نمائندگی کے ادارے ............ 48
سماجی انضمام کا ہیلپ ڈیسک ........................................... 49
ہنگامی خدمات ........................................................ 49

# باب 1.
# اس کتابچے کے بارے میں





یہ کتابچہ ان بالغ افراد کے لئے ہے جنہیں ان کی درخواست پر یونان کے متعلقہ حکام کی طرف سے بین الاقوامی تحفظ کی حیثیت عطا کی گئی ہے، یعنی ۱۹۵۱ جنیوا کنونشن کی بنیاد پر پناہ گزیر کی حیثیت یا متبادل تحفظ کی حیثیت ہو۔

یونانی حکومت کی قومی انضمام کی حکمت عملی کے مطابق انضمام ایک پیچیدہ اور طویل مدتی عمل ہے جو ایک نئے ملک اور نئی حقیقت میں موافقت اختیار کرنے پر مشتمل ہے۔
اس کتابچہ کو اس عمل کے آغاز پر ایک کارآمد آلہ کے طور پر استعمال کرنے کے لئے تیار کیا گیا ہے، اس میں فراہم کردہ بنیادی معلومات ان لوگوں کے لئے ضروری ہیں جو یونان میں مہاجر حیثیت رکھتے ہیں اور متبادل تحفظ کی حیثیت سے مستفید ہوتے ہیں اور ایک نئی زندگی شروع کرنے کی کوشش کر رہے ہیں اور ملک میں پیش کردہ مواقع اور امکانات سے فائدہ حاصل کرنے کی کوشش کر رہے ہیں۔

اس کتابچہ میں آپ **کو یونان میں زندگی، بین الاقوامی تحفظ کی حیثیت عطا کیے جانے کے بعد فوری اقدامات، کام/ملازمت، رہائش، تعلیم اور نگہداشت صحت کے** بارے میں معلومات ملیں گی۔اس معلومات کے ساتھ دیگر دستیاب خدمات، این جی اوز اور دیگر تنظیمیں بھی مددگار ہوتی ہیں۔



# باب 2.
# یونان کے متعلق معلومات




ROMANIA
Bucuresti
Sofia
BULGARIA
N.MACED.
Thessaloniki
Athens
GREECE
Sea
Banghazi

## جغرافیائی محل وقوع

یونان (سرکاری آئینی نام: ہیلینک ریپبلک) یورپ کے جنوب مشرقی کنارے میں بالکن پیننسولا پر واقع ہے جہاں یورپ ایشیاء اور افریقہ سے ملتا ہے۔ ملک کی ایک بنیادی خاصیت یہ ہے کہ اس میں 6,000 جزائر شامل ہے اور اس کا ساحل 15,000 کلو میٹر طوالت کے ساتھ دنیا کا نوواں سب سے بڑا ساحل ہے۔

## سیاسی نظام

یونان کا سیاسی نظام اتحادی پارلیمانی جمہوریہ ہے۔ ریاست کا سربراہ جمہوری حکومت کا صدر ہوتا ہے۔ یونان کا آئین وہ بنیادی قانون ہے جس پر شہریوں کے حقوق اور فرائض، یونانی ریاست اور اداروں کی تنظیم اور بنیادی اصولوں کے مطابق ملک کے قانون کی بنیاد رکھی گئی ہے۔

پارلیمان قانون ساز ادارہ ہے اور چار (4) سال کی مدت کے لئے ہمہ گیر رائے دہی کے ذریعے اور جمہوری حکومت کے صدر کے ذریعے چنے گئے تین سو (300) ارکان پر مشتمل ہے۔ جمہوری حکومت کے صدر اور وزیر اعظم کے زیر سربراہی حکومت کو اعلیٰ اختیار حاصل ہے۔ government.gov.gr پر حکومت کی ساخت، وزیر اعظم اور وزراء کے متعلق معلومات کئی زبانوں میں دستیاب ہے اور یہاں ایک ترجمے کا ٹول بھی دستیاب ہے۔ عدالتی نظام قانون ساز ادارے اور اعلیٰ اختیار سے آزاد ہے اور اس پر عدالتیں عمل کرتی ہیں (انتظامی، شہری اور فوجداری)۔

یونانی ریاست میں رہنے والے تمام افراد کی قومیت، نسل یا زبان اور مذہبی یا سیاسی خیالات سے بالاتر ہو کر ان کی جان، آبرو اور آزادی کو مکمل تحفظ حاصل ہو گا۔ بین الاقوامی قانون کے تحت فراہم کردہ کیسوں میں کچھ استثنات کی اجازت ہے۔

سال 2011 میں کی گئی مردم شماری کے وقت یونان کی آبادی 10.8[1] ملین تھی، جس میں سے ۹۱۲,۰۰۰ غیر ملکی تھے اور مرکزی طور پر البانیہ، رومانیہ، بلغاریہ، پاکستان اور جورجیا سے تعلق رکھتے تھے۔ یوروسٹیٹ کی رسمی تشخیصوں کے مطابق ۱ جنوری ۲۰۲۰ کو ملک کی آبادی کا اندازہ ۱۰,٦۹۱,۲۰٤ لگایا گیا۔

ملک کا دارالحکومت ایتھنز ہے جو ایٹیکا علاقے میں واقع ہے۔ موجودہ انتظامی ڈویژن کے مطابق ملک میں ۷ غیر مرکزی انتظامیہ، ۱۳ علاقے اور ۳۲۵ بلدیات ہیں۔ بلدیات سمیت یہ علاقے مقامی اتھارٹیز تشکیل دیتے ہیں۔ مقامی حکام مقامی معاملات کے لئے ذمہ دار ہیں۔ عام طور پر، بلدیہ چھوٹے مقامی مسائل کے لئے جبکہ علاقہ بڑے مسائل کے لئے ذمہ دار ہے۔ (سال ۲۰۱۱ کے ڈیٹا کے مطابق) ملک کی ۱۰ سب سے بڑی بلدیات ایتھنز، تھیسالونیکی، پطرس، ہیراکلیون،
پیرایوس، لاریسا، وولوس، پیرسٹری، روڈز اور آئیوانینا ہیں۔

## زبان

ریاست یونان کی سرکاری زبان یونانی ہے جو ریاست بھر میں اور تمام تعلیمی درجات پر استعمال کی جاتی ہے۔

## مذہب

یونان کے آئین کے مطابق علاقے کا مرکزی مذہب یسوع کا مشرقی روایتی چرچ ہے، جس کے زیادہ تر رہائشی پیروکار ہیں۔
آئین مذہبی خیالات اور کسی بھی مذہب کی عبادت کی آزادی کا حق دیتا ہے، بشرطیکہ یہ عوامی پالیسی اور اخلاقیات کے قبول کردہ اصولوں کی نفی نہ کرے۔
یونان میں شہری اور سیاسی حقوق کا استعمال فرد کے مذہبی خیالات پر منحصر نہیں۔

1. https//:www.statistics.gr-2011/census-pop-hous
2021میں، ایک نئی آبادی اور ہاؤسنگ مردم شماری کی گئی۔
یونانی شماریاتی اتھارٹی کی طرف سے باہر۔ مردم شماری کے نتائج آپ درج ذیل لنک پر دیکھ سکتے
ہیں-https//:elstat-outsourcers.statistics.gr/Census2022_GR.pdf

## سرکاری کرنسی

ملک کی کرنسی یورو (€) ہے۔ نقدی، ڈیبٹ یا کریڈٹ کارڈ کے ذریعے مالی لین دین کیا جا سکتا ہے۔

## سرکاری اور عوامی تعطیلات

سال کے کچھ دنوں کو بطور تعطیلات تفویض کیا گیا ہے۔ ان میں سے کچھ قانونی (قانونی سطح پر لازمی) جبکہ دیگر رسمی ہیں۔ جن دنوں کو بطور عوامی تعطیلات تفویض کیا گیا ہے، ان میں سرکاری خدمات اور/یا نجی کاروبار بند ہوتے ہیں۔ قانونی تعطیلات درج ذیل ہیں:

| عوامی تعطیل کا نام | تاریخ |
|---|---|
| نئے سال کا دن | 1 جنوری |
| Epiphany (ظہور عیسیٰ کی یاد میں منایا جانے والا تہوار) | 6 جنوری |
| 28 اکتوبر کی قومی تعطیل | 28 اکتوبر |
| 25 مارچ کی قومی تعطیل | 25 مارچ |
| یوم مزدوراں | 1 مئی |
| ایسٹر منڈے | مختلف دنوں کی تعطیل |
| حضرت مریم کا یوم وفات | 15 اگست |
| یسوع کی پیدائش؛ کرسمس | 25 دسمبر |
| باکسنگ ڈے | 26 دسمبر |

اس کے علاوہ، ہر اتوار کو ریاست کی خدمات اور زیادہ تر نجی کاروبار اور دکانیں بند رہتی ہیں۔ بالآخر سیکٹر پر مبنی (افواج، اسکول) اور مقام پر مبنی (مقامی) اضافی تعطیلات ہیں جو عام عوام سے متعلق نہیں۔

## عوامی ذرائع نقل و حمل/سفر

عوامی ذرائع نقل و حمل میں شہری اور بین شہری سفر کا امکان پیش کیا جاتا ہے۔ ملک کے مرکزی حصے میں شہری اور بین شہری بسیں (KTEL)، مضافاتی ریلوے اور اس کے علاوہ ریلوے نیٹ ورک بھی موجود ہے۔ ایتھنز اور وسیع تک ایٹیکا علاقے میں ایک سب وے (METRO) چلتی ہے۔ جزائر میں فیری کنکشنز خدمات انجام دیتے ہیں۔ ایٹیکا کی بندرگاہیں (پیرایوس، رفینا، لویرو) یونان کے تقریباً تمام جزائر سے منسلک ہیں۔ مرکزی زمین اور جزائر دونوں پر یونانی ریاست کے کئی علاقے فضائی رستوں سے منسلک ہیں۔ فضائی سفر کرنے والے شہریوں کے لئے ۳۹ ایئرپورٹ ہیں۔

## دکانوں کے اوقات کار

دکانوں کے طے شدہ اوقات کار ہیں جو ان کے مقام اور مقصد پر منحصر ہیں۔ خصوصی دکانیں، جیسا کا فارمیسیاں خصوصی اوقات کار میں اور کال پر وقت طے کرنے کے ذریعے کھلی رہتی ہیں تاکہ عوام کو دن کے ۲٤ گھنٹے ان کی خدمات تک رسائی حاصل ہو۔



# باب 3. بین الاقوامی تحفظ کی حیثیت عطا کیے جانے کے بعد فوری اقدامات





## رہائش کا اجازت نامہ

اگر آپ کو ریاست یونان میں مہاجر حیثیت عطا کی جائے تو آپ تین (3) سال تک قابل قبول رہائش کی اجازت حاصل کر سکتے ہیں جس کی متعلقہ نظر ثانی کے بعد تجدید کی جاتی ہے۔ متبادل تحفظ سے مستفید ہونے والوں کو ایک (1) سال کی مدت تک رہائش کی اجازت دی جاتی ہے اور متعلقہ نظر ثانی کے بعد مزید دو (2) سال کے لئے اس کی تجدید کی جاتی ہے۔

تحریری شکل میں رہائش کے اجازت نامے کے حصول کے لئے آپ کو مجاز پولیس ڈائریکٹوریٹ/پاسپورٹ آفس میں درخواست دینے کی ضرورت ہو گی، جس کی نشاندہی وہ علاقائی پناہ کا دفتر کرے گا جہاں آپ نے بین الاقوامی تحفظ کے لئے درخواست جمع کروائی ہے۔ اپنی رہائش کے اجازت نامے کے اجراء کے عمل اور رسید کے طریقہ کار کے متعلق مزید معلومات یہاں دستیاب ہیں۔

اپنی رہائش کی اجازت کی تجدید کرنے کے لئے آپ اس ای میل ایڈریس پر ای میل کے ذریعے درخواست جمع کروا سکتے ہیں: GAS.residencepermits@migration.gov.gr، میعاد ختم ہونے سے کیلنڈر کے تیس (۳۰) دن پہلے۔

اگر آپ مہاجر نہ رہیں یا متبادل تحفظ سے مزید مستفید نہ ہوں تو آپ کے رہائش کے اجازت نامے کی تجدید نہیں ہو سکتی۔

اپنی رہائش کے اجازت نامے کی تجدید کے طریقہ کار کے متعلق مزید معلومات یہاں دستیاب ہیں۔

## سفری دستاویزات

اگر آپ کو مہاجر کی حیثیت عطا کی گئی ہے اور اگر آپ چاہیں تو آپ ہیلینک ریپبلک سے سفری دستاویز حاصل کر سکتے ہیں جو آپ کو نوے (90) دن کی مدت تک دیگر EU ممالک کا سفر کرنے کے قابل بنائے گا۔ متبادل تحفظ کی صورت میں آپ کی درخواست پر یونانی حکام آپ کو سفری دستاویز عطا کریں گے بشرطیکہ آپ منطقی طور پر اپنے ملک کے حکام سے سفری دستاویز حاصل کرنے کے قابل نہ ہوں۔ یاد رکھیں کہ آپ کی سفری دستاویزات انتہائی ذاتی ہیں۔

سفری دستاویزات کی درخواست دینے اور انہیں وصول کرنے کے بارے میں مزید معلومات یہاں دستیاب ہیں۔

اس کے علاوہ آپ یہاں اپنی سفری دستاویزات کی تجدید کرنے کے مراحل کے بارے میں تفصیلی ہدایات یہاں دیکھ سکتے ہیں۔



## بنیادی حقوق

بین الاقوامی تحفظ کی حیثیت عطا کرنے سے حاصل ہونے والے تمام حقوق جو مہاجر کی حیثیت اور متبادل تحفظ کی حیثیت کے مابین امتیاز کرتے ہیں، ان کی فہرست یہاں(کئی زبانوں میں) دستیاب ہے۔

اگر آپ کو بین الاقوامی تحفظ کی حیثیت عطا کی گئی ہے تو آپ کو درج ذیل حقوق حاصل ہیں:

- **سماجی بہبود اور طبی نگہداشت تک رسائی کا حق:** بطور پناہ گزین آپ کو تفویض کردہ عارضی غیر ملکیوں کا بیمہ اور نگہداشت صحت کے نمبر (PAAYPA) کو (موسوم کردہ "منتقلی کے مرحلے" کے اندر) سوشل سکیورٹی نمبر (AMKA) میں تبدیل کیا جانا چاہیے۔ اس مقصد سے آپ کو رہائش کی اجازت موصول ہونے کے ایک (1) ماہ کے اندر اندر قانون کے مطابق اس کے اجراء کے لئے تمام ضروری اقدامات کرنے ہوں گے۔ اس دوران آپ اور آپ کی فیملی کے افراد کا PAAYPA کے ذریعے مکمل احاطہ کیا جاتا ہے۔ AMKA ملک کے ہر شہری کے لئے منفرد نمبر ہوتا ہے۔ AMKA کے ساتھ آپ کو یونانی شہریوں پر قابل اطلاق شرائط کے ساتھ سماجی بہبود کے وظائف اور طبی نگہداشت تک رسائی ملتی ہے۔ AMKA اور نگہداشت صحت کے بارے میں مزید معلومات کے لئے آپ ذیل میں متعلقہ سیکشن دیکھ سکتے ہیں۔
- تربیتی پروگراموں اور تمام درجات پر **عوامی تعلیم تک رسائی کا حق** مزید معلومات کے لئے آپ «تعلیم» کا سیکشن دیکھ سکتے ہیں۔
- **مزدوروں کی مارکیٹ تک رسائی کا حق اور کاروباری سرگرمی انجام دینے کا حق۔** «کام اور ملازمت» کے سیکشن میں آپ کو مفید معلومات مل سکتی ہیں۔ اس کے علاوہ، یہ کتابچہ ٹیکس کے شناختی نمبر کے حصول کے طریقہ عمل (AΦM) کی مختصراً وضاحت کرتا ہے، جو کہ ریاست یونان میں آپ کے لین دین اور نجی افراد کے ساتھ آپ کے بہت سے لین دینے کے لئے ضروری ہے۔
- **طویل مدتی رہائش کا اجازت نامہ حاصل کرنے کا حق،** بشرطیکہ آپ نے ملک میں پانچ (5) سال کی قانونی اور مستقل رہائش مکمل کی ہو اور قانون کے مطابق تمام اضافی شرائط پوری کرتے ہوں۔
- اگر آپ کو مہاجر کی حیثیت عطا کی گئی ہے تو **آپ کو مخصوص شرائط کے ساتھ اپنے آبائی ملک یا کسی تیسرے ملک میں موجود اپنے قریبی اہل خانہ کے ساتھ یونان میں دوبارہ اکٹھے ہونے کا حق حاصل ہے۔** اگر آپ کو متبادل تحفظ کی حیثیت عطا کی گئی ہے تو آپ کو یہ حق حاصل نہیں۔

- **یونانی شہریت کی درخواست دینے کا حق (نیچرلائزیشن)**، اگر آپ نے تسلیم شدہ مہاجر یا متبادل تحفظ کی حیثیت سے مستفید ہونے والے فرد کے طور پر آپ کم از کم سات (7) سال تک یونان میں مسلسل قانونی طور پر رہے ہیں اور قانون کے مطابق سماجی انضمام کی شرائط پوری کرتے ہیں۔ یونانی شہریت کے حصول کے متعلق مزید معلومات کے لئے یہاں دیکھیں۔ اگر یونان میں آپ کے بچے پیدا ہوئے ہیں جنہوں نے یونان میں پرائمری اور/یا سیکنڈری تعلیم مکمل کی ہے، تو ممکن ہے کہ وہ متعلقہ قانون کے مطابق مختلف شرائط کے تحت یونانی شہریت کے حقدار ہوں۔

یونانی قانون کے مطابق آپ کو عطا کی گئی حیثیت واپس لی جا سکتی ہے یا اس کی تجدید سے انکار کیا جا سکتا ہے۔ مثال کے طور پر ایسا تب ہو سکتا ہے اگر آپ کی مہاجر کی حیثیت ختم ہو گئی ہو کیونکہ آپ کو اپنی شہریت کے ملک میں دوبارہ تحفظ حاصل ہو گیا ہے، دستاویزات یا معلومات غلط یا جعلی ہوں، آپ نے ملک کے قومی تحفظ کو خطرے میں ڈالا ہو یا کوئی سنگین جرم کیا ہو۔

## یونانی سوشل سکیورٹی نمبر (AMKA) کیسے حاصل کیا جائے

سوشل سکیورٹی نمبر (AMKA) ہسپتال اور طبی نگہداشت تک رسائی میں آپ کی مدد کرتا ہے اور آپ کی ملازمت کے حقوق یقینی بناتا ہے۔ یونان میں AMKA کے بارے میں مزید معلومات یہاں دستیاب ہیں۔

اگر ابھی آپ کو AMKA عطا نہیں کیا گیا تو آپ اپنے علاقے میں ای نیشنل سوشل سکیورٹی فنڈ (e-EFKA) کے دفاترسوشل سکیورٹی نمبرز کے لئے خصوصی طور پر ذمہ دار AMKA) دفاتر) یا شہریوں کے سروس سنٹر میں جا کر (KEΠ) اسے حاصل کر سکتے ہیں۔ e-EFKA دفتر کے ساتھ اپائنٹمنٹ مختص کرنے کی معلوماتیہاں دستیاب ہیں اور KEPs کے ساتھ لین دین کی معلومات یہاں دستیاب ہیں۔

درخواست کے ساتھ آپ کو اپنی رہائش کی اجازت اور رہائش کے مقام کا ثبوت (کرائے کا معاہدہ / آپ کے میزبان یا مالک مکان کی طرف سے حلفی اعلامیہ / آپ کے نام پر بجلی یا پانی کا بل) جمع کروانا چاہیے۔ مزید براں، اگر آپ کی فیملی میں بچہ یونان میں پیدا ہوا تھا تو آپ کو اس کی پیدائش کا سرٹیفیکیٹ پیش کرنا ہو گا۔

## یونان میں ٹیکس کا شناختی نمبر (ΑΦΜ) کیسے حاصل کیا جائے۔

ٹیکس کا شناختی نمبر (ΑΦΜ) ایک منفرد نمبر ہے جو صرف ایک مرتبہ جاری کیا جاتا ہے اور نو (9) اعداد پر مشتمل ہوتا ہے۔ یونانی ٹیکس کا شناختی نمبر (ΑΦΜ) ہونا ضروری ہے کیوں کہ اسے عوامی خدمات کے ساتھ آپ کے لین دین، بشمول بینک اکاؤنٹ کھولنا، جائیداد کرائے پر دینا، موبائل فون خریدنا، لیبر مارکیٹ تک رسائی حاصل کرنا اور دیگر کئی روز مرہ کے لین دین میں استعمال کیا جاتا ہے۔

بین الاقوامی تحفظ کی فراہمی کے لیے آپ کی درخواست کے اندراج کی تکمیل پر ، آپ خود بخود ایک مالیاتی نمبر (آفیمی) A.Φ.M حاصل کر لیتے ہیں ۔ تاہم اگر آپ کے پاس مالیاتی نمبر(آفیمی) A.Φ.M نہیں ہے، تو آپ مجاز حکام کے ملازم کے ساتھ ویڈیو کال کے ذریعے اسے حاصل کرنے کی درخواست کر سکتے ہیں۔ آپ کو جس طریقہ کار پر عمل کرنے کی ضرورت ہوگی وہ (معلومات) یونانی میں بیان کی گئی ہیں۔ یہاں

متبادل طور پر آپ یا آپ کا مجاز کردہ کوئی فریق ثالث آپ کی رہائش گا کے نزدیک ترین ٹیکس آفس جا سکتا ہے۔ اگر آپ اس مجاز ٹیکس آفس سے آگاہ نہیں ہیں جس سے آپ کو رابطہ کرنے کی ضرورت ہے تو آپ یہاں اپنا پتہ درج کر کے اسے تلاش کر سکتے ہیں۔

ٹیکس کا شناختی نمبر (AΦM) کے اجراء کے بعد آپ اکاؤنٹ اور TAXISnet کوڈ حاصل کر سکتے ہیں جو ٹیکس کی خدمات اور کئی دیگر عوامی انتظامی خدمات تک آن لائن رسائی کے لئے ضروری ہیں۔ TAXISnet کے معلوماتی سسٹم میں رجسٹریشن کرنے اور اکاؤنٹ بنانے کے بارے میں مزید معلومات یہاں دستیاب ہیں۔ عام طور پر اکاؤنٹنٹ وہ بہترین شخص ہوتا ہے جو اس عمل میں آپ کو معاونت اور رہنمائی فراہم کر سکتا ہے۔

**اہم: اپنی معلومات اپ ڈیٹ کرنا نہ بھولیں!!**

اگر آپ کے یونیفارم فارمیٹ رہائش کی اجازت (AΔET) کا نمبر یا آپ کی رہائش کا مقام تبدیل ہو تو آپ کو ٹیکس آفس کو اپنے نئے پتے کی اطلاع لازمی دینی ہو گی۔ TAXISnet سسٹم کے ذریعے آپ کے گھر کا پتہ بھی برقیاتی طور پر تبدیل کیا جا سکتا ہے، لیکن AΔET نمبر تبدیل کرنے کے لئے آپ کو اپنے ٹیکس آفس کو آگاہ کرنا ہو گا۔

## ٹیکس ریٹرن



ٹیکس ریٹرن جمع کروانے کے لئے آپ کو ایسے شخص کی مدد کی ضرورت ہو سکتی ہے جو اس عمل سے آگاہ ہو۔ آپ کسی NGO سے بھی مدد لے سکتے ہیں یا کسی اکاؤنٹنٹ سے رابطہ کر سکتے ہیں۔

ٹیکس ریٹرن آپ کو وظائف حاصل کرنے میں مدد دیتا ہے، کیوں کہ کچھ وظائف ٹیکس ریٹرن میں ظاہر کی گئی سالانہ آمدن پر منحصر ہوتے ہیں۔

# بینک اکاؤنٹ کیسے کھولا جائے

بینک اکاؤنٹ کھولنا اہم ہے اور اس سے آپ اپنی رقم محفوظ رکھنے اور ادائیگیاں کرنے اور وصول کرنے میں مدد ملے گی۔ اور آپ جن وظائف کے مستحق ہیں، وہ براہ راست آپ کے بینک اکاؤنٹ میں بھیجے جائیں گے اور جب آپ کو کام ملے گا تو آپ کی تنخواہ اس میں بھیجی جائے گی۔

آپ کئی بینک اکاؤنٹس میں سے انتخاب کر سکتے ہیں۔ اکاؤنٹ کھلوانے کے لئے بینک جاتے ہوئے آپ کے پاس درج ذیل بنیادی دستاویزات ہونی چاہئیں:

- آپ کی اصل، درست رہائش کی اجازت اور ایک فوٹوکاپی۔
- آپ کی رہائش کی اجازت اور رہائش کے مقام کا ثبوت (کرائے کا معاہدہ / آپ کے میزبان یا مالک مکان کی طرف سے حلفی اعلامیہ / آپ کے نام پر بجلی یا پانی کا بل)۔یہ اہم ہے کہ اس ثبوت میں درج پتہ درست ہو کیوں کہ بینک طریقہ کار کی تکمیل کے لئے اس پتے پر آپ کو اہم دستاویزات ارسال کر سکتا ہے۔
- آپ کے موبائل آپریٹر کی جانب سے بل یا سرٹیفیکیٹ جو ثابت کرتا ہو کہ آپ کا فون نمبر آپ کے نام پر رجسٹرڈ ہے۔
- (اگر آپ ملازمت کرتے ہیں) ملازمت کا سرٹیفیکیٹ اور آپ کی ملازمت کے معاہدے کی ایک نقل۔
- (اگر آپ بےروزگار ہیں) پبلک ایمپلائمنٹ سروس (Δ.ΥΠ.Α.) (سابقہ لیبر ایمپلائمنٹ آفس ((Ο.Α.Ε.Δ.)) کی طرف سے آپ کا اصل بےروزگاری کارڈ اور ایک فوٹوکاپی۔
- ٹیکس کا شناختی نمبر (ΑΦΜ) تفویض کرنے کا سرٹیفیکیٹ یا دیگر سرکاری دستاویز جو آپ کا ٹیکس کا شناختی نمبر (ΑΦΜ) ظاہر کرتی ہو۔
- ٹیکس کلیئرنس سرٹیفیکیٹ یا حلفی اعلامیہ کہ آپ نے یونان میں انکم ٹیکس ریٹرن جمع نہیں کروایا ہے۔

اکاؤنٹ کھولنے پر عام طور پر بینک آپ کو ڈیبٹ کارڈ جاری کرے گا جس کے ذریعے آپ ATM (بینکوں کے باہر اور کئی دیگر مقامات پر موجود) کو استعمال کرتے ہوئے اپنے اکاؤنٹ سے رقم نکلوا سکتے ہیں اور بشتر دکانوں سے خریداری کر سکتے ہیں۔



# باب 4
# کام اور ملازمت





بین الاقوامی تحفظ سے مستفید ہونے والے کے طور پر، آپ کو یونانی شہریوں کی طرح حقوق اور ذمہ داریوں کے ساتھ ایک تنخواہ دار یا خود ملازم شخص (آزاد پیشہ ور) کے طور پر کام کرنے کا حق حاصل ہے۔ آپ اپنا کاروبار بھی کھول سکتے ہیں۔ آپ کو بین الاقوامی تحفظ کے لیے اپنی درخواست داخل کرنے کی تاریخ سے ساٹھ (60) دن گزر جانے کے بعد کام کرنے کا حق ہے اور وہ یہ ہے کہ اگر آپ کے پاس بین الاقوامی تحفظ کے لیے ایک درست درخواست گزار کارڈ ہے۔

## کام کے تقاضے

یونان میں کام کرنے کے قابل ہونے کے لئے ایک لازمی تقاضا ٹیکس کا شناختی نمبر (ΑΦΜ) اور سوشل سیکیورٹی نمبر (AMKA) ہونا ہے (ΑΦΜ اور AMKA کے اجراء کے عمل کے متعلق ہائپرلنک دیکھیں)۔ آپ کو اپنے آجر سے تنخواہ وصول کرنے کے لئے بھی بینک اکاؤنٹ کھولنے کی ضرورت ہو سکتی ہے (معاون دستاویزات کے بارے میں باب 3 دیکھیں)۔

## بیمہ یافتہ افراد کے رجسٹر میں رجسٹریشن

جب کوئی پہلی بار کام کرتا ہے، تو اسے لازمی طور پر رجسٹرڈ ہونا چاہیے ۔
نیشنل سوشل سیکورٹی فنڈ (ΕΦΚΑ) کے بیمہ شدہ افراد کا رجسٹر، میں ں
سوشل سیکیورٹی ممبر رجسٹریشن نمبر (AMA) تفویض کرنے کا حکم۔
نیشنل سوشل سیکیورٹی فنڈز (ΕΦΚΑ) کے ساتھ رجسٹر ہونے کے لیے ترتیب میں رجسڈ ر AMA تفویض کرنے کے لیے، آپ کو فون پر کسی بھی ΕΦΚΑ برانچ میں ملاقات کا وقت بُک کرنا چاہیے ۔
1555، یا ای میل کے ذریعے۔

**آپ کو درج ذیل معاون دستاویزات کی ضرورت ہو گی:**

1. آپ کی اصل، درست یونیفارم فارمیٹ رہائش کا اجازت نامہ (ΑΔΕΤ) اور ایک فوٹوکاپی۔
2. آپ کے آجر کی طرف سے بھرتی کا نوٹس (فارم E3)۔
3. ٹیکس کا شناختی نمبر (ΑΦΜ) تفویض کرنے کا سرٹیفیکیٹ (یا دیگر سرکاری دستاویز جو آپ کا ٹیکس کا شناختی نمبر (ΑΦΜ) ظاہر کرتی ہو اور ٹیکس آفس، جیسا کہ انکم ٹیکس ریٹرن کا بیان)۔
4. آپ کا AMKA (سوشل سکیورٹی نمبر)۔
5. رہائش کا ثبوت (کرائے کا معاہدہ / آپ کے میزبان یا مالک مکان کی طرف سے حلفی اعلامیہ / آپ کے نام پر بجلی یا پانی کا بل)
6. بینک اکاؤنٹ پاس بک (بینک اکاؤنٹ نمبر ظاہر کرنے والے صفحے کی فوٹوکاپی) یا اگر آپ کے پاس پاس-بک نہیں ہے تو سادہ ثبوت میں آپ کے بینک اکاؤنٹ کا IBAN شامل ہو سکتا ہے جو ظاہر کرتا ہو کہ آپ بینک اکاؤنٹ کے بنیادی حامِل ہیں۔

آپ یا آپ کے مجاز نمائندگان میں سے ایک آپ کی رہائش کے نزدیک ترین قومی سوشل سکیورٹی فنڈ (ΕΦΚΑ) کی شاخ یا آپ کی ملازمت کے آغاز کی تاریخ کے بعد آپ کے آجر کی قومی سوشل سکیورٹی فنڈ (ΕΦΚΑ) کی شاخ پر AMA جاری کیا جا سکتا ہے۔

## ملازمت کیسے تلاش کی جائے



یونان میں ملازمت کی تلاش آسان نہیں ہے؛ اس میں وقت لگے گا اور آپ کو سامنے آنے والی مشکلات اور چنوتیوں کے لئے تیار رہنا چاہیے۔

## CV اور کور لیٹر




پہلے مرحلے پر آپ کو سی وی بنانے کی ضرورت ہو گی جس میں آپ کی تعلیم، پیشہ وارانہ تجربے اور مہارتوں اور ہر قسم کی خصوصی تربیت کے بارے میں معلومات شامل ہوں گی۔

آپ کی سی وی میں خاص طور سے درج ذیل معلومات شامل ہونی چاہئیں:

- ذاتی معلومات جیسا کہ آپ کا نام، گھر کا پتہ، فون نمبر اور رابطہ ای میل؛
- آپ کا تعلیمی پس منظر؛
- آپ کا سابقہ تجربہ (پیشہ وارانہ یا رضاکارانہ)؛
- مہارتیں اور تربیت (زبانیں، IT کا علم وغیرہ)؛
- آپ کی دلچسپیاں؛
- گزشتہ آجروں کی طرف سے تجاویز۔

آپ یہاں سی وی کا ٹیمپلیٹ دیکھ سکتے ہیں اور سی وی لکھنے کے بارے میں مفید تراکیب یہاں اور یہاں دیکھی جا سکتی ہیں۔ اس کے علاوہ آپ کئی ایسی تنظیموں سے رابطہ کر کے مدد طلب کر سکتے ہیں جو مہاجرین کے لئے خدمات پیش کرتی ہیں اور سی وی لکھنے کے متعلق رہنمائی اور مدد فراہم کرتی ہیں۔

## انٹرویو

اگر آجر آپ کی سی وی کا مثبت طور پر تعین کرتا ہے تو عموماً اگلا قدم آپ کو انٹرویو کے لئے دعوت دینا ہو گا۔ یہ انٹرویو بہت اہم ہے کیوں کہ یہ آپ کو ملازمت پر رکھنے میں دلچسپی رکھنے والے شخص سے آپ کا پہلا رابطہ ہوتا ہے۔ زبانی اور غیر زبانی مواصلت کے ذریعے آپ کا مستقبل کا آجر آپ کے بارے میں پہلا تاثر قائم کر سکے گا اور تجزیہ کر سکے گا کہ آیا آپ اس کی پیش کردہ اسامی کے لئے مناسب ہیں یا نہیں۔ آپ انٹرویو کے عمل اور آپ کی تیاری کے بارے میں مفید تراکیب اور معلومات یہاں دیکھ سکتے ہیں۔

## پبلک ایمپلائمنٹ سروس (Δ.ΥΠ.Α.)، سابقہ لیبر ایمپلائمنٹ آفس ((Ο.Α.Ε.Δ.))

ممکنہ آجر سے رابطہ کرنے کا ایک طریقہ افرادی قوت کی ملازمت پر کام کرنے والی پبلک ایمپلائمنٹ سروسز استعمال کرنا ہے۔ یونان کا مرکزی ادارہ پبلک ایمپلائمنٹ سروس (Δ.ΥΠ.Α.) (سابقہ لیبر ایمپلائمنٹ آفس ((Ο.Α.Ε.Δ.)) ہے۔
Δ.ΥΠ.Α. مقامی ایمپلائمنٹ پروموشن سنٹرز (Κ.Π.Α.)، چلاتی ہے جس میں بے روزگار افراد ملازمت کی تلاش کے مسائل کے متعلق معلومات حاصل کرنے کے لئے (اپنی رہائش کے مقام کے مطابق) ملازمت کے مشیروں سے رابطہ کر سکتے ہیں۔ اس وجہ سے Δ.ΥΠ.Α. کی ملازمت تلاش کرنے والوں کی رجسٹری میں رجسٹریشن کروانا اہم ہے۔ Δ.ΥΠ.Α. کے ساتھ رجسٹریشن اور بےروزگاری کارڈ رکھنے سے آپ کو کئی حقوق اور مراعات حاصل ہوتی ہیں، جیسا کہ عوامی ذرائع آمدورفت پر سفر کے لئے مفت یا کم قیمت ٹکٹ، ملازمت چھوٹنے کے بعد بےروزگاری کے وظائف کا حصول اور نئی ملازمت کی تلاش میں مدد۔ اس طریقہ کار کے بارے میں مزید معلومات اور ضروری معاون دستاویزات یہاں دستیاب ہیں۔

## انٹرنیٹ

کام کی تلاش کا عام ترین طریقہ انٹرنیٹ ہے۔ ایسی سائٹس موجود ہیں جہاں آجر ہر روز ملازمتیں پوسٹ کرتے ہیں اور انہیں زیادہ سے زیادہ ملاحظہ کرنا اچھا رہتا ہے۔ ذیل میں کچھ ایسی ویب سائٹس ہیں جہاں آپ اپنی سی وی پوسٹ کر سکتے ہیں اور اشتہارات کے ذریعے متعلقہ ملازمت تلاش کر سکتے ہیں:

- Kariera.gr
- xe.gr
- Skywalker.gr
- Jobs-finder.gr
- Generation 2.0

مزید برآں، اگر آپ مہاجر یا پناہ گزین ہیں اور ملازمت، تربیتی پروگرام یا ورک شاپ تلاش کر رہے ہیں تو آپ آن لائن پلیٹ فارم ایڈیما جاب سنٹر ملاحظہ کر سکتے ہیں، جسے کیتھولک ریلیف سروسز (CRS) نے یونان میں UN مہاجر ایجنسی UNHCR کی شراکت داری سے تیار کیا تھا۔

## مزدوروں کے حقوق و فرائض

بطور ملازم آپ کے حقوق وہی ہیں جو ہر ملازم کے لئے طے کیے گئے ہیں، خواہ وہ یونانی ہوں یا غیر ملکی، اور ان میں شامل ہیں: ملازمت کا معاہدہ، بنیادی تنخواہ، چھٹی، اوور ٹائم، سوشل سکیورٹی، طبی نگہداشت۔

اگر آپ کو ملازمت پر رکھ لیا جائے تو آپ کو (ا) ملازمت کے معاہدے پر دستخط کرنے ہوں گے اور (ب) لازمی سوشل سکیورٹی اسکیم میں شرکت کرنی ہو گی۔ ملازمت کا معاہدہ آجر اور ملازم کے درمیان ایک قسم کا معاہدہ ہوتا ہے۔ آپ اور آپ کا آجر معاہدے پر دستخط کریں گے اور آپ کو ایک نقل پاس رکھنی ہو گی۔ معاہدے پر دستخط کرنے سے آجر اور ملازم اس میں مقرر کردہ اور متفقہ شرائط کے پابند ہوتے ہیں۔

معاہدوں کی اقسام، انہیں ختم کرنے کے طریقوں اور عمومی طور پر ملازمت کے حقوق کے بارے میں مزید معلومات یہاں دستیاب ہیں۔

## بےروزگاری اور کم آمدن کے وظائف

اگر آپ تسلیم شدہ مہاجر یا متبادل تحفظ کے مستفیدی ہیں اور آپ کے پاس رہائش کا ایک درست اجازت نامہ ہے تو آپ قومی نظام بہبود تک رسائی لے سکتے ہیں۔ یونانی تنظیم برائے بہبود کے وظائف اور سماجی اتحاد (ΟΠΕΚΑ) کی ویب سائٹ پر یونان میں کئی وظائف کے بارے میں معلومات دستیاب ہیں۔

آپ درج ذیل چند وظائف کے اہل ہو سکتے ہیں:

- کم از کم آمدن کی ضمانت
- بچوں کا وظیفہ
- رہائش کا وظیفہ
- غیر بیمہ یافتہ افراد کے لئے سماجی اتحاد کا وظیفہ
- معذوری کے وظائف

کلیدی معلومات یہ ہے کہ وظائف کا حصول آمدن، اثاثوں اور رہائش کے معیار پر منحصر ہے۔

**ملازمت اور لیبر مارکیٹ میں آپ کے انضمام کے معاملات اور طریقہ کار کی معلومات، رہنمائی اور مدد کے لئے آپ منتخب کردہ بلدیات میں کام کرنے والے مہاجرین کے انضمام کے مراکز (KEM) میں سے کسی سے رابطہ کر سکتے ہیں۔ KEM کے بارے میں معلومات یہاں دستیاب ہیں۔**

# باب 5

# رہائش





# بین الاقوامی تحفظ سے مستفید ہونے والوں کے لئے رہائشی پروگرامز/انتظامات

## "HELIOS" پراجیکٹ

"HELIOS" پراجیکٹ کے تناظر میں، جو کہ بین الاقوامی تحفظ سے مستفید ہونے والوں (مہاجرین اور متبادل تحفظ سے مستفید ہونے والے) کے لئے انضمام میں مدد کا پروگرام ہے، جس کا نفاذ بین الاقوامی تحفظ تنظیم برائے ہجرت (IOM) ریاست یونان کی معاونت سے کرتی ہے، اپارٹمنٹ کی تلاش اور اپارٹمنٹ کے مالک کے ساتھ کرائے کے معاہدے کو حتمی شکل دینے کے لئے ضروری کاروائیاں مکمل کرنے میں مدد دی جاتی ہے۔ پروگرام سے مستفید ہونے والوں کے لئے کرائے اور منتقلی کے اخراجات میں سبسڈی دینے کا امکان بھی فراہم کیا جاتا ہے۔ آپ "HELIOS" پراجیکٹ کے معیار اور رجسٹریشن کے عمل کے بارے میں مزید یہاں جان سکتے ہیں۔

## رہائش کا ماہانہ وظیفہ

یہ پروگرام مستفید ہونے والوں کے کئی زمرہ جات کے لئے کھلا ہے، بشمول بین الاقوامی تحفظ سے مستفید ہونے والے وہ افراد جو پروگرام میں شرکت کی درخواست جمع کروانے سے کم از کم پانچ (٥) سال پہلے قانونی طور پر مستقل یونان میں رہے ہیں (OΠΕΚΑ)۔

اس وظیفے کے بارے میں مزید معلومات، جیسا کہ فی بندہ یا فیملی لازمی طور پر پورے کیے جانے والے تقاضے، وظیفے کی رقم اور درخواست کا عمل، مقامی مہاجرین کے انضمام کے مرکز (KEM) (یہاں متعلقہ لنک دیکھیں) یا آپ کی رہائش کی بلدیہ کے کمیونٹی مرکز (یہاں متعلقہ لنک دیکھیں) میں دستیاب ہے۔

## "رہائش اور ملازمت" کا پروگرام

اس پروگرام کا ہدف وہ افراد اور فیملیز ہیں جو بےگھر افراد کی جائے پناہ میں، سڑکوں پر یا نامناسب رہائش گاہوں میں رہتے ہیں۔ پروگرام اٹھارہ (18) ماہ کی مدت تک کرائے کی سبسڈی اور گھر کی بنیادی اشیاء اور سہولیات کا احاطہ فراہم کرتا ہے، اور بارہ (12) ماہ کی مدت تک ملازمت کی سبسڈی بھی فراہم کرتا ہے۔ اس کے ساتھ ساتھ یہ مستفید ہونے والوں کو بااختیار بنانے اور حرکت میں لانے کے مقصد سے انہیں نفسیاتی معاونت بھی فراہم کرتا ہے تاکہ وہ اپنی روز مرہ کی زندگیوں کے مسائل حل کرنے کے لئے بتدریج ذمہ داری لیں اور باآسانی سماجی ماحول میں دوبارہ گھل مل جائیں۔

یہ پروگرام صرف ان بلدیات کی طرف سے فراہم کیا گیا ہے جو اس میں شرکت کا انتخاب کرتی ہیں۔ اگر آپ بےگھر ہیں اور جاننا چاہیں گے کہ آیا آپ کی بلدیہ میں اس پروگرام کا نفاذ کیا جاتا ہے تو آپ مقامی مہاجرین کے انضمام کے مرکز (KEM) یا آپ کی رہائش کی بلدیہ کے کمیونٹی مرکز سے رابطہ کر سکتے ہیں (متعلق لنکس اوپر دیکھیں)۔

# کرائے کی رہائش کی معلومات

آپ کرائے کی رہائش تلاش کر سکتے ہیں:

- ہجرت کی بین الاقوامی تنظیم اور «HELIOS» پراجیکٹ کی مخصوص ویب سائٹ پر آن لائن https://www.heliospiti.com/ (انگریزی) وہاں آپ کو کرائے کے مکانوں کی فہرستیں ملیں گی، جن کے مالکان سے IOM نے رابطہ کیا ہے اور جنہوں نے «HELIOS» پروگرام سے مستفید ہونے والوں کو اپنی پراپرٹی کرائے پر دینے سے اتفاق کیا ہے۔
- آن لائن، یا کرائے کی پراپرٹی تلاش کرنے اور کرائے پر دینے کے اشتہارات والی مقامی سائٹس پر ، جیسا کہ: xe.gr (EN/GR), spitogatos.gr (EN/GR), tospitimou.gr (EN/GR), spiti24.gr (EN/GR/AR/FR), spiti360.gr (EN/GR), plot.gr (EN/GR)
- مقامی اور قومی اخبارات میں، جن میں کرائے کی پراپرٹی کے اشتہارات کا سیکشن ہوتا ہے (عام طور پر «کرائے کے لئے خالی» کی شہ سرخی کے نیچے)۔
- ریئل ایسٹیٹ ایجنسیوں پر۔ یہ ایجنسیاں اپنی خدمات کے لئے فیس لیتی ہیں؛ عموماً ایک مہینے کے کرائے کی رقم کے برابر فیس ہوتی ہے۔
- فیس بک جیسے سوشل نیٹ ورکس پر مارکیٹ پلیس کے سیکشن میں۔
- رشتہ داروں، دوستوں، رفقائے کار یا کمیونٹی سے لی گئی معلومات کے ذریعے۔

آپ جس پراپرٹی کو کرائے پر لینے میں دلچسپی رکھتے ہوں، وہاں کے مالک یا اس کی نمائندگی کرنے والے ایجنٹ سے رابطہ کر کے وہاں کا دورہ کر کے دیکھ سکتے ہیں کہ وہ اچھی حالت میں ہے یا نہیں۔ کبھی ایسی پراپرٹی کرائے پر نہ لیں جسے آپ نے صرف تصاویر میں دیکھا ہو۔

کرائے کا معاہدہ تشکیل دینے اور حتمی بنانے کے لئے پہلے آپ اور آپ کے مالک کو شرائط پر اتفاق کرنا ہو گا، بنیادی طور پر ماہانہ کرایہ، کرائے کی مدت، کرائے میں سالانہ اضافہ اور اپارٹمنٹ میں رہنے والے لوگوں کی تعداد کے بارے میں۔ اگر پراپرٹی اپارٹمنٹ عمارت میں ہو تو آپ کو ہر ماہ ادا کیے جانے والے مشترکہ اخراجات کے بارے میں بھی پوچھنا چاہیے۔

اگر آپ کو اپارٹمنٹ پسند آئے اور آپ مالک کی شرائط سے اتفاق کرتے ہوں، تو آپ کو نجی رہائش کے کرائے کے معاہدے پر دستخط کرنے چاہئیں۔ کرائے کے معاہدے پر دستخط کرنے کے لئے ضروری ہے کہ آپ کے پاس قابل قبول رہائش کا اجازت نامہ اور یونانی ٹیکس کا شناختی نمبر (ΑΦΜ) ہو۔ معاہدے پر دستخط کرنے کے بعد آپ کو مالک کو پہلے مہینے کا کرایہ اور اس کے علاوہ آپ کی متفقہ ضمانت کی رقم (اسے ڈپازٹ بھی کہتے ہیں) ادا کرنی ہو گی۔ کرائے کی مدت کے اختتام پر آپ کو ضمانت کی پوری رقم لوٹا دی جائے گی، بشرطیکہ آپ پراپرٹی کو اسی حالت میں خالی کریں جس میں حاصل کیا تھا۔

کرائے کے معاہدے پر دستخط کرنے کے بعد مالک برقیاتی طور پر TAXISnet سسٹم میں اپنی تمام تفصیلات ظاہر کرے گا۔ مالک کے یہ جمع کرانے کا عمل مکمل کرنے کے بعد سسٹم آپ کے TAXISnet اکاؤنٹ پر ای میل بھیجے گا اور آپ کو کرائے کے معاہدے کو آن لائن قبول کرنا ہو گا۔

کرائے کا نجی معاہدہ رہائش کے کرائے میں شامل تمام فریقین کے درمیان کانٹریکٹ ہوتا ہے جس میں کرائے کے معاہدے میں درج مدت تک ان کے حقوق و فرائض شامل ہوتے ہیں۔ آپ کو یقینی بنانا چاہیے کہ آپ معاہدے پر دستخط کرنے سے پہلے اس میں درج تمام شرائط کو سمجھتے ہوں۔

گھر کرائے پر دینے سے حقوق و فرائض لاگو ہوتے ہیں جن کی آپ کو تعمیل کرنی چاہیے۔ جس تاریخ پر آپ نے مالک سے اتفاق کیا ہے، اس پر ماہانہ کرایہ ادا کرنا نہایت اہم ہے۔ ادائیگی میں تاخیر کی صورت میں مشورہ دیا جاتا ہے کہ آپ انہیں فوراً اطلاع دیں۔

ضروری ہے کہ کرایہ دار کرائے کی پراپرٹی کے سہولیاتی بل (جیسا کہ پانی، بجلی، ٹیلیفون وغیرہ) ادا کرے اور جس اپارٹمنٹ بلڈنگ/کمپلیکس میں پراپرٹی موجود ہو، وہاں کے مشترکہ اخراجات بھی ادا کرے۔

کرائے پر پراپرٹی لینے کے عمل اور مسائل کے بارے میں مفید معلومات یہاں دستیاب ہے اور متعلقہ ویڈیوز یہاں دستیاب ہیں۔



# باب 6.
# تعلیم





© UNHCR / Socrates Baltagiannis

اس سیکشن میں آپ کو یونان میں تعلیم کے بارے میں معلومات ملیں گی کہ اگر آپ والد/والدہ یا سرپرست ہیں تو بچے کو اسکول میں کیسے داخل کروایا جائے اور وہ اضافی معاونت کیسے حاصل کر سکتے ہیں۔ آپ کو نوجوان اور بالغ افراد کی تعلیم و تربیت کے علاوہ یونانی زبان دیکھنے کے مواقع اور اضافی پیشہ وارانہ مہارتیں حاصل کرنے کے طریقوں کے بارے میں بھی معلومات ملیں گی



## یونان کا نظام تعلیم

یونان کا تعلیمی نظام وزارت تعلیم، تحقیقی اور مذہبی امور کی ذمہ داری اور نگرانی میں ہے۔ یونان میں سب کے لئے تعلیم مفت ہے اور چار (٤) تا پندرہ (١٥) سالہ لڑکوں اور لڑکیوں بشمول مہاجر بچوں کے لئے لازمی ہے۔ ہر بچے کو مفت کتابیں فراہم کی جاتی ہیں جبکہ والدین یا سرپرستوں کو اسٹیشنری، کاپیاں اور دیگر سامان خریدنا ہو گا۔

تعلیم کے درج ذیل درجات لازمی ہیں:

- کنڈرگارٹن (4-6 سال)
- پرائمری اسکول (6-12 سال)
- جونیئر ہائی اسکول (12-15 سال)

ضروری ہے کہ درج بالا عمروں کا ہر طالب علم اپنے والدین یا سرپرستوں کے زیر نگرانی اسکول میں داخل ہو اور روزانہ کلاسوں میں شرکت کرے۔ عام طور پر اسکول کا سال ستمبر سے اگلے سال جون تک ہوتا ہے۔ جب تک مہاجر بچے ملک میں ہوں، ان کو تعلیم تک رسائی کا حق حاصل ہوتا ہے۔

داخلے کی درخواستیں مخصوص معاون دستاویزات کے ساتھ آن لائن جمع کروائی جاتی ہیں۔ اگر آپ کے پاس ضروری معاون دستاویزات نہیں ہیں تو تعلیم کی ہر سطح کے انچارج افراد آپ کی مدد کریں گے اور جب آپ خود کو یا اپنے بچے کو اسکول میں داخل کروانا چاہیں تو اس عمل میں آپ کی معاونت کریں گے۔

مزید معلومات یہاں دستیاب ہیں۔

## I. ابتدائی بچپن کی تعلیم اور نرسری

**نرسری، ڈے کیئر سنٹر اور کنڈرگارٹن میں اندراج**

چار (4) سال سے کم عمر بچوں کے لئے کریچز اور/یا نرسری اسکولز ہیں جن میں شیر خوار بچوں اور چھ (٦) ماہ سے زائد عمر کے بچوں کو داخل کیا جاتا ہے، اور نگہداشتِ دن کے مراکز ہیں جن میں ڈھائی (2.5) سال سے لے کر لازمی تعلیم میں اندراج کی عمر تک کے بچوں کو رکھا جاتا ہے۔ ان اسکولوں کو نجی طور پر، ریاست کے ذریعے یا بلدیہ کے ذریعےچلایا جاسکتا ہے۔ مزید معلومات کے لئے آپ اپنی رہائش کی بلدیہ سے رابطہ کر سکتے ہیں۔

یونان میں عوامی کنڈرگارٹن مفت ہیں اور چار (4) اور پانچ (5) سال کے تمام بچوں اور بچیوں کو ان میں داخل کروانا لازمی ہے۔ جو بچے داخلے کے سال کی 31 دسمبر کو چار (4) سال کے ہوں گے، وہ عوامی کنڈرگارٹن میں داخلے کے اہل ہیں۔ پبلک کنڈرگارٹن میں اپنے بچوں کا اندراج کروانے کی درخواست دینے کے لئے آپ کو ثابت کرنا ہو گا وہ پہلی مرتبہ کنڈرگارٹن جا رہے ہیں اور انہیں کسی اور اسکول میں پہلے داخل نہیں کیا گیا۔

آپ کو درج ذیل کی ضرورت ہو گی:

- آپ کے ذاتی Taxisnet رسائی کے کوڈ؛
- آپ کا موبائل فون نمبر؛
- آپ کی مستقل رہائش کے پتے کا ثبوت۔

اگر آپ کے پاس داخلے کے عمل کے متعلق کوئی سوالات یا مسائل ہیں، تو آپ اپنی مستقل رہائش سے نزدیک ترین کنڈرگارٹن سے رابطہ کر سکتے ہیں۔

## II. پرائمری (پرائمری اسکول) اور لوئر سیکنڈری (جونیئر ہائی اسکول) کی تعلیم

**پرائمری اسکول اور جونیئر ہائی اسکول) میں داخلہ**

اگر آپ کے بچے کی عمر چھ (6) اور بارہ (12) سال کے درمیان ہے تو اسے آپ کے گھر کے نزدیک ترین پرائمری اسکول میں داخل کروائیں اور اگر اس کی عمر بارہ (12) اور پندرہ (15) سال کے درمیان ہے تو اسے جونیئر ہائی اسکول میں داخل کروانا چاہیے۔ اگر آپ یونانی زبان نہیں بولتے تو خصوصی استقبالی کلاسیں موجود ہیں جن کے بارے میں آپ ذیل میں مزید معلومات حاصل کر سکتے ہیں۔

اگر آپ کا بچہ کسی اور ملک میں اسکول جاتا تھا تو آپ کو متعلقہ سرٹیفیکیٹ فراہم کرنا ہو گا یا نشاندہی کرنی ہو گی کہ اس نے ابھی تک کتنے سال اسکول میں شرکت کی ہے اور کس ملک میں۔

اندراج اسکول کے سال کے دوران کسی بھی وقت کیا جا سکتا ہے۔ اس مقصد کے لئے آپ کو اپنے علاقے میں نزدیک ترین پرائمری یا جونیئر ہائی اسکول جانا چاہیے اور درج ذیل دستاویزات ساتھ لے کر جائیں:

- پیدائش کا سرٹیفیکیٹ؛
- ویکسینیشن سرٹیفیکیٹ؛
- رہائش کا ثبوت (مزید معلومات یہاں دستیاب ہیں)؛
- آپ کے بچے کی یونیفارم فارمیٹ رہائش کی اجازت (AΔET)۔

مزید براں داخلے کے دوران آپ نے طالب علم کی انفرادی صحت کا ریکارڈ طلب کیا جائے گا۔ اس ریکارڈ کے بارے میں معلومات یہاں دستیاب ہیں۔

جب آپ کا بچہ پرائمری اسکول مکمل کرے گا تو اسے خود بخود قریب ترین جونیئر ہائی اسکول میں داخل کر لیا جائے گا۔

بچوں کو بلدیہ یا دیگر رجسٹریز میں رجسٹر ہونے سے قطع نظر پرائمری اسکول میں داخل کیا جاتا ہے اور ایسے اسکولوں کے پرنسپل انہیں داخل کرنے کے لئے ذمہ دار ہوتے ہیں۔ پرائمری اسکولوں کے پرنسپلز کو مستقل رہائش کا سرٹیفیکیٹ نہ ہونے کے باعث بچوں کے داخلے میں رکاوٹ نہیں ڈالنی چاہیے اور انہیں ایسا ہر ثبوت قبول کرنا چاہیے جس کی بنیاد پر ان کی رائے میں بچے کے رہائشی پتے کا تعین کیا جا سکتا ہو۔

**یونانی پبلک کنڈرگارٹن اور پرائمری اسکولوں میں آپ کے بچے کی حاضری کے بارے میں مزید تفصیلات وزارت تعلیم اور مذہبی امور کی بنائی گئی اسکول کتابچہ میں دستیاب ہیں جسے آپ یونانی زبان میں یہاں حاصل کر سکتے ہیں۔**



## III. غیر لازمی سیکنڈری تعلیم

### عمومی اور پیشہ وارانہ سینیئر ہائی اسکولز

سولہ (16) تا اٹھارہ (18) سالہ طلبہ جو تیسرا (3) سال مکمل کرنے کے بعد جونیئر ہائی اسکول سے گریجویٹ ہو چکے ہیں، وہ سینیئر ہائی اسکول میں شرکت کر کے اپنی اسکول کی تعلیم مکمل کر سکتے ہیں۔

عمومی اور پیشہ وارانہ سینیئر ہائی اسکول ان طلبہ کے لئے ہیں جنہوں نے جونیئر ہائی اسکول کا تیسرا (3) گریڈ مکمل کیا ہے اور انہیں لازمی تعلیم میں نہیں شامل کیا گیا۔ عمومی اور پیشہ وارانہ ہائی اسکول دونوں میں تعلیم کا دورانیہ تین (3) سال ہے۔ دونوں آپ کو اعلیٰ تعلیم میں داخلے کا امتحان دینے کا موقع دیتے ہیں۔ آپ یا آپ کے بچے کے اندراج کے بارے میں مفید معلومات یہاں دستیاب ہیں۔

# IV. مہاجر آبادی کے لئے خصوصی تعلیم کے مواقع

**استقبالی کلاسیں - ZEP (تعلیمی ترجیح کے شعبے)**

ZEPs کا ہدف تعلیمی کارکردگی میں اضافے کے لئے معاون کاروائیوں (جیسا کہ استقبالی کلاسوں کی کاروائی) کے نفاذ کے ذریعے نظام تعلیم کے تمام طلبہ کی مساوی شمولیت ہے۔ جس اسکول میں آپ کے بچے کو داخل کیا جائے گا، وہ اسکول کے عام مضمونوں میں بچے کی تعلیم میں معاونت دینے کے لئے استقبالی کلاس پیش کر سکتا ہے۔

**مہاجر بچوں کے لئے استقبال اور تعلیم کے ادارے (Δ.Y.E.Π.)**

استقبالی ادارے مہاجر بچوں کی تعلیم کا علیحدہ زمرہ ہیں اور ان کا مقصد نظام تعلیم میں مہاجر بچوں کے انضمام میں مدد دینا ہے۔ Δ.Y.E.Π. کے بارے میں مزید معلومات یہاں دستیاب ہیں۔

# V. بالغوں کی تعلیم

**یونانی زبان کی تدریس اور سند**

یونان میں انضمام اور زندگی جینے کا اہم ترین اثاثہ یونانی زبان کا علم ہے۔

کئی ادارے، تنظیمیں اور تعلیمی ادارے یونانی زبان کے کورس پیش کرتے ہیں۔ یہ کورس پیش کرنے والے اداروں کے بارے میں مختصر معلومات اور ان کے رابطے کی تفصیلات یہاں دستیاب ہیں۔

**یونان میں حصولی کی سند کے امتحانات**

یونانی زبان کے کورس مکمل کرنے کے بعد آپ متعلقہ سند کے حصول کے لئے یونانی زبان کے امتحانات میں شرکت کر سکتے ہیں۔ یونانی زبان کے بارے میں مزید معلومات یہاں دستیاب ہیں۔

**سیکنڈ چانس اسکول**

اگر آپ کی عمر اٹھارہ (18) سال سے زائد ہے اور آپ نے لازمی تعلیم مکمل نہیں کی تو آپ سیکنڈ چانس اسکول میں داخلے کی درخواست دے سکتے ہیں اور شرکت کر سکتے ہیں۔ مزید معلومات یہاں دستیاب ہیں۔ آپ کو جن ضروری معاون دستاویزات کی ضرورت ہو گی اور درخواست کے عمل کی معلومات یہاں دستیاب ہیں۔

### زندگی بھر کے تعلیمی مراکز

زندگی بھر کے تعلیمی مراکز ملک کی بلدیات میں کام کرتے ہیں۔ زندگی بھر کے تعلیمی مراکز کے بارے میں مزید معلومات یہاں دستیاب ہیں۔

### پبلک ایمپلائمنٹ سروس (Δ.ΥΠ.Α.) کے پیشہ وارانہ شاگردی کے اسکول

Δ.ΥΠ.Α. کے پیشہ وارانہ شاگردی کے اسکولوں کے بارے میں معلومات یہاں دستیاب ہیں۔

### پیشہ وارانہ تربیتی ادارے

وزارت برائے تعلیم و مذہبی امور (Δ.Ι.Ε.Κ.) کے عوامی پیشہ وارانہ تربیتی اداروں میں مفت کورس فراہم کیے جاتے ہیں۔ عوامی پیشہ وارانہ تربیتی اداروں کے بارے میں مزید معلومات یہاں اور یہاں دستیاب ہیں۔

**بالغوں کی تعلیم کے معاملات کی معلومات، رہنمائی اور مدد کے لئے آپ منتخب کردہ بلدیات میں کام کرنے والے مہاجرین کے انضمام کے مراکز (KEM) میں سے کسی سے رابطہ کر سکتے ہیں۔ مہاجرین کے انضمام کے مراکز کے بارے میں معلومات یہاں دستیاب ہیں۔**



## VI. اعلیٰ درجے کی تعلیم تک رسائی

عمومی معلومات، درکار معاون دستاویزات اور ملک کے اعلیٰ تعلیمی ادارے میں درخواست جمع کروانے کے بارے میں معلومات کے لئے براہ مہربانی یہاں اور یہاں دیکھیں۔



© UNHCR / Socrates Baltagiannis

# باب 7:
# نگهداشت صحت





## عمومی معلومات

اگر آپ کو یونان میں بین الاقوامی تحفظ کی حیثیت عطا کی گئی ہے تو آپ کو پرائمری، سیکنڈری اور اعلیٰ نگہداشت صحت کا حق حاصل ہے۔ آپ سرکاری ہسپتالوں، سرکاری طبی مراکز، مراکز صحت اور بلدیاتی کلینکوں سے نگہداشت حاصل کر سکتے ہیں۔ ہنگامی صورتحال میں، یعنی اگر آپ کو طبی ہنگامی صورتحال لاحق ہو جس میں فوری طبی نگہداشت کی ضرورت ہو تو آپ قومی لائن 166 پر کال کر سکتے ہیں۔متبادل طور پر آپ ہسپتال کے ہنگامی شعبے میں جا سکتے ہیں۔ اس متعلق معلومات کہ کن ہسپتالوں میں شعبہ برائے ہنگامی صورتحال ہے اور ان کے اوقات کار کیا ہیں، یہاں دستیاب ہے۔

اگر کسی طبی ادارے میں آپ اپائنٹمنٹ مختص کرنا چاہتے ہیں تو درج ذیل میں سے کسی طریقے پر عمل کر سکتے ہیں:

1. قومی لائن 1535 پر کال کریں اور ہدایات پر عمل کریں (یونانی – انگریزی)
2. اپنے چنے گئے ہسپتال کو براہ راست کال کریں۔
3. قومی لائن 14900 پر کال کریں جو کہ سوشل انشورنس انسٹیٹیوٹ (IKA) کے طبی مراکز میں فراہم کی گئی طبی خدمات کے متعلق ہے، اور متعلقہ ہدایات پر عمل کریں۔

مقامی ہیلتھ یونٹس (.TO.M.Y) موجود ہیں جو کہ ایسے یونٹس ہیں جو بنیادی نگہداشت صحت کی خدمات فراہم کرتے ہیں اور مقامی سطح پر کام کرتے ہیں۔ کسی .TO.M.Y سے طبی خدمات وصول کرنے کے لئے آپ کو اپنے شہر یا علاقے میں موجود .TO.M.Y میں رجسٹریشن کروانی ہو گی، اگر دستیاب ہو۔

آپ وزارت صحت کی منظور دہ فہرست، بشمول یونان میں دستیاب تمام ہسپتال یہاں دیکھ سکتے ہیں۔

## بلدیاتی کلینک

کئی بلدیات میں طبی مراکز ہوتے ہیں جہاں بین الاقوامی تحفظ سے مستفید ہونے والے تمام افراد (AMKA رکھنے والے یا نہ رکھنے والے) مخصوص مراکز پر پیش کردہ بنیادی صحت کی خدمات تک رسائی لے سکتے ہیں (آپ مزید معلومات یہاں اور یہاں تلاش کر سکتے ہیں)۔



## NGOs کے زیر انتظام طبی مراکز

یہ طبی مراکز اور پولی کلینک کئی NGOs کے زیر انتظام ہیں جو یونان میں بین الاقوامی تحفظ سے مستفید ہونے والوں کو کئی طبی خدمات پیش کرتے ہیں۔ ان کلینکس کے بارے میں مزید معلومات، بشمول دستیاب طبی خدمات اور اپائنٹمنٹ مختص کروانے کے لئے آپ درج ذیل نمبرز پر کال کر سکتے ہیں:

**دنیا کے ڈاکٹر (Médecins du Monde/MdM):** 0030 210 3213150

**سرحدوں سے بالاتر ڈاکٹرز (Médecins Sans Frontières/MSF):** 0030 210 5200500

**ہیلینک ریڈ کراس:** 0030 210 3613848

**PRAKSIS:** 0030 210 8213704

**Solidarity Now:** 0030 210 6772500

**BABEL، مہاجرین کا ذہنی صحت کا یونٹ:** 0030 210 8616280 , 0030 210 8616266



## فارماسیوٹیکل نگہداشت

مفت یا کم قیمت ادویات اور فارماسیوٹیکلز تک رسائی لینے کے لئے آپ کو سرکاری ہسپتال یا طبی مرکز کے ڈاکٹر کا نسخہ پیش کرنا ہو گا۔ اگر آپ کے پاس AMKA/PAAYPA ہے اور آپ کا نسخہ آن لائن جاری کیا گیا ہے تو آپ کسی بھی فارمیسی سے دوا لے سکتے ہیں۔

اگر آپ کے پاس AMKA/PAAYPA نہیں ہے لیکن کسی سرکاری ہسپتال یا طبی مرکز کے ڈاکٹر کا دیا گیا نسخہ ہے، خواہ ہاتھ سے لکھا گیا ہو، آپ نسخہ جاری کرنے والے ہسپتال یا طبی مرکز کی فارمیسی سے مفت ادویات وصول کر سکتے ہیں۔



## ذہنی صحت کی خدمات

اگر آپ کو گھبراہٹ، پریشانی، اداسی، تنہائی، غصہ یا ڈپریشن محسوس ہو رہا ہے تو آپ کو مخصوص ڈاکٹر کے پاس جانا چاہیے (سائیکالوجسٹ یا سائیکاٹرسٹ کے پاس)۔ یونان کی موجودہ پالیسی کے مطابق آپ نفسیاتی ادویات مفت حاصل کر سکتے ہیں، خواہ آپ کے پاس PAAYPA یا AMKA نمبر نہ ہو۔ یونان میں یہ ادویات ایک خصوصی زمرے کا حصہ ہیں جو «نفسیاتی اور اعصابی ادویات» کہلاتی ہیں جن پر خصوصی اصولوں کا اطلاق ہوتا ہے۔ اس قسم کی دوا کے لئے کسی سائیکاٹرسٹ یا نیورولوجسٹ کا نسخہ ہونا چاہیے جو کسی سرکاری یا نجی ہسپتال اور/یا مقامی بنیادی نگہداشت کے یونٹس یا مراکز میں کام کرتا ہو۔

# التطعیم ہمہ گیر ویکسینیشن

ہر سال وزارت صحت بالغوں کی قومی ویکسینیشن کا فیصلہ کرتی ہے ۔
پروگرام، جس کے مطابق ویکسین تجویز کی جاتی ہیں یا نہیں۔
عمر کے لحاظ سے بالغوں کے لیے تجویز کیا جاتا ہے، ایک بنیادی کی موجودگی
بیماری اور دیگر مختلف معیارات۔ AMKA کا ہونا آپ کو رسائی فراہم کرتا ہے ۔
صحت عامہ کی تمام سہولیات میں مفت ویکسینیشن۔
اس کے علاوہ، وزارت صحت بچوں کے لیے قومی حفاظتی ٹیکوں کا پروگرام تیار
کرتی ہے ۔
اور ہر سال نوعمر۔ ماں اور بچے کو بھی حفاظتی ٹیکے لگائے جاتے ہیں۔
حفاظتی مراکز۔ مزید تفصیلات یہاں دستیاب ہیں۔



# باب 8۔
# مفید معلومات اور دستیاب خدمات





## مہاجرین کے انضمام کے مراکز (K.E.M.)

مہاجرین کے انضمام کے مراکز (K.E.M.) بلدیاتی کمیونٹی مراکز کی شاخیں ہیں۔ ان کا کارعزم تیسرے ممالک کے شہریوں کو خصوصی خدمات سے آگاہ کرنا اور فراہم کرنا ہے۔ مزید براں وہ روابط قائم کرنے میں مدد دیتے ہیں، یعنی ان سے رابطہ کرنے والے تمام افراد کو سماجی انضمام کی خدمات اور پروگراموں سے مربوط کرتے ہیں اور سماجی انضمام کی سروسز کا نفاذ کرتے ہیں۔ مثال کے طور پر وہ یونانی زبان کے کورس اور یونانی تاریخ کی بنیادی معلومات فراہم کرتے ہیں، اس کے ساتھ بین ثقافتی کاروائیاں کرتے ہیں جو بچوں اور نوجوان غیر ملکیوں اور مقامی آبادی کی مشترکہ موجودگی پر مرکوز ہوتی ہیں، اور کاروائیاں کرتے ہیں جو مہاجرین اور بین الاقوامی تحفظ سے مستفید ہونے والوں کی لیبر مارکیٹ تک رسائی کو فروغ دیتی ہیں۔

مہاجرین کے انضمام کے مراکز ابھی درج ذیل بلدیات میں کام کر رہے ہیں:

- Athens
- Piraeus
- Kallithea
- Thessaloniki
- Kordelio - Evosmos
- Thiva
- Lamia
- Andravida - Kyllini
- Heraklion
- Lesvos
- Trikala

مہاجرین کے انضمام کے مراکز کے بارے میں مزید معلومات یہاں دستیاب ہیں۔



## مہاجرین اور پناہ گزینوں کے انضمام کی کونسلیں (Σ.E.M.Π.)

میل جول اور مشترکہ ہم آہنگی کے حالات قائم کرنے کے لئے معاشرے میں شہریوں کی شرکت انتہائی اہم ہوتی ہے۔ آپ جس مقامی کمیونٹی کے رکن ہیں، اس کے متعلق معاملات میں اپنی نمائندگی میں اضافہ کرنے کے لئے بلدیہ میں مہاجرین اور پناہ گزینوں کے انضمام کی کونسلیں (Σ.E.M.Π.) کہلائے جانے والے خصوصی مشاورتی اداروں کے قیام اور کاروائی کے متعلق دفعات موجود ہیں۔

مہاجرین اور پناہ گزینوں کے انضمام کی کونسلوں کے بارے میں مزید معلومات یہاں دستیاب ہیں۔

# تیسرے ملک کے شہریوں کی مشترکہ نمائندگی کے ادارے



تیسرے ملک کے شہریوں کی غیر منافع بخش یونینز اور اسوسی ایشنز کو تیسرے ملک کے شہریوں کی مشترکہ نمائندگی کے تسلیم شدہ ادارے تصور کیا جا سکتا ہے۔ یہ ادارے مہاجر گروہوں کے مفادات کے لئے اداروں کے مابین ثالثی میں نہایت اہم کردار ادا کرتے ہیں۔ اس کے علاوہ ان اداروں کے ارکان ان افراد کو کافی مدد فراہم کر سکتے ہیں جو پہلی مرتبہ یونان آئے ہوں، تاکہ وہ یونانی معاشرے میں موافقت اور انضمام کر سکیں۔

وزارت برائے ہجرت اور پناہ اور خاص کر سماجی انضمام کا ڈائریکٹوریٹ ان اداروں کی اہمیت اور کردار کو تسلیم کرتا ہے اور اس لئے اس نے ان اداروں کے لئے متعلقہ رجسٹر بنایا ہے۔ اس رجسٹر کی بنیاد پر تیسرے ملک کے شہریوں کی نمائندگی کرنے والی درج ذیل اسوسی ایشنز اور یونینز کو سرکاری طور پر یونان میں قائم کیا گیا ہے:

پناہ گزینوں کا یونانی فورم، www.refugees.gr، F: @Greekforumofrefugees

مہاجرین کا یونانی فورم، www.migrant.gr، F: @GreekForumOfMigrants

البانوی مہاجرین کی مدر ٹریسا اسوسی ایشن،
F: albanian.association.mother.tereza.greece

افغانی مہاجرین اور پناہ گزینوں کی کمیونٹی، F:@Afghans.inGreece

ایتھنز DIAMM AK TERANGA کے سینیگالیوں کی اسوسی ایشن،
-F: ASSOCIATION DES SENEGALAIS D’ATHENES-GRECE

یونان میں کانگولیز کمیونٹی، F: @congolesecommunityofgreece

یونان میں افغانیوں کی کمیٹی

یونانی میں آئیوری کمیونٹی، http://www.ivoirogrec.eu/,
F: @IvorianCommunityofGreece

دوسری جنریشن-جنریشن ۲,۰/ادارہ برائے حقوق، مساوات اور تنوع/https://g2red.org,
@secondgenerationgreece@

یونان میں البانوی اسوسی ایشنز کی فیڈریشن، F: @federatashoqatave.shqiptaregreqi

پاک ہیلینک ثقافت اور بہبود کا معاشرہ

یونان میں ہندوستانی کمیونٹی http://www.indogreek.org/GICWA/index.html,
F: @indianexpats

نائجیرین کمیونٹی یونان، F: نائجیرین کمیونٹی یونان

## سماجی انضمام کا ہیلپ ڈیسک

وزارت برائے ہجرت اور پناہ کا ڈائریکٹوریٹ برائے سماجی انضمام ایک "سماجی انضمام کا ہیلپ ڈیسک" سروس چلاتا ہے، جس کا مقصد بین الاقوامی تحفظ سے مستفید ہونے والوں کے سوالات کو منظم کرنا ہے اور یونان میں ان کے انضمام کے عمل کے متعلق مسائل پر ہدایات فراہم کرنا ہے، جیسا کہ یونانی زبان کے کورسز کی دستیابی اور رسائی، ملازمت کی مشاورت کی فراہمی، رہائش کے اختیارات، ٹیکس کا شناختی نمبر (ΑΦΜ) اور سوشل سکیورٹی نمبر (AMKA) جاری کرنے کا عمل۔

"سماجی انضمام کا ہیلپ ڈیسک" کے بارے میں مزید معلومات یہاں دستیاب ہیں۔

مہاجرین اور پناہ گزینوں کے مسائل کے لئے ایتھنز رابطہ مرکز (ایتھنز معاون مرکز برائے مہاجرین اور پناہ گزینوں کے مسائل - ACCMR) / ڈیجیٹل پلیٹ فارم

مہاجرین اور پناہ گزینوں کے مسائل کا ایتھنز رابطہ مرکز ایتھنز کی بلدیہ اور مقامی اور بین الاقوامی NGOs، بین الاقوامی تنظیموں اور اداروں کے درمیان اچھے رویے اور معلومات کے تبادلے کے لئے رابطے کے مرکز کا کام کرتا ہے۔

ACCMR ڈیجیٹل سروس میپنگ اور انٹرکنکشن پلیٹ فارم شرکاء کو ACCMR ایجنسیوں کی خدمات اور کاموں سے ملانے والا آلہ ہے جو مہاجرین اور پناہ گزینوں کی آبادی پر مرکوز ہے۔

ACCMR کے بارے میں مزید معلومات یہاں دستیاب ہیں۔

## ہنگامی خدمات

ہنگامی صورتحال میں آپ درج ذیل فون نمبرز پر کال کر کے متعلقہ خدمات سے رابطہ کر سکتے ہیں:

**ہنگامی طبی امداد / قومی مرکز برائے ہنگامی نگہداشت** (EKAB): 166

**پولیس:** 100

**فائر سروس:** 199

**کوسٹ گارڈ:** 108

**یورپی ہنگامی نمبر:** 112

**۲٤ گھنٹے SOS ہیلپ لائن برائے خواتین پر تشدد کا حل اور مقابلہ:** 15900

**نسل پرستی پر مبنی تشدد کے واقعات کی اطلاع دینے کے لئے ۲٤ گھنٹے کی پولیس لائن:** 11414

**انسانی ٹریفکنگ کی ہاٹ لائن:** 1109

**زہر پر قابو پانے کا مرکز:** 0030 210 7793777

HELLENIC REPUBLIC
Ministry of Migration & Asylum

196-198 Thivon Avenue,
182 33 Ag. Ioannis Rentis – Nikaia
https://migration.gov.gr/

UNHCR
The UN Refugee Agency

UNHCR Representation in Greece

91 Michalakopoulou street,
115 28, Athens
Tel. 216 2007800 | Fax 210 6726417
Email: great@unhcr.org | www.unhcr.gr